
نیلا گیدڑ



تحریر : جل منٹن

تصاویر : کیٹنکا کیو

ملکیّت حکومتِ پنجاب

نیلا گیدڑ

تحریر : جِل منٹن
تصاویر : کیٹنکا کیو



MSP Punjab

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

DFID Department For International Development



ایک گیدڑ اپنے ساتھی گیدڑوں کے ساتھ
جنگل میں رہتا تھا۔



ایک دن وہ کھانے کی تلاش میں نکلا۔




راستے میں اُسے ایک آدمی نظر آیا۔
وہ مکان پر نیلا رنگ کر رہا تھا۔




جب وہ آدمی وہاں سے چلا گیا تو
گیدڑ رنگ دیکھنے کے لئے ڈرم پر چڑھ گیا۔



اچانک وہ پھسلا ــــــ!



"چھپاک !!" وہ نیلے ڈرم میں جا گرا۔



جب وہ ڈرم سے باہر نکلا تو
"نیلا گیدڑ" بن چکا تھا۔



گیدڑ نے اپنے نیلے بالوں کو دیکھا۔



وہ فخر سے بولا "میں کتنا خُوب صورت ہوں!
میں تو گیدڑوں کا سردار بن سکتا ہوں۔



میں جنگل جاکر سب کو یہ بات بتاؤں گا۔"



جنگل جا کر اُس نے کہا ”میری طرف دیکھو۔



میں گیدڑوں کا سردار بننے والا ہوں!"



گیدڑ بولے "ہاں! واقعی تم تو
بہت خوب صورت لگتے ہو۔



تم گیدڑوں کے سردار بن سکتے ہو۔"



لیکن نیلا گیدڑ خوش نہیں تھا۔



وہ سوچنے لگا۔ ”میں تو سارے جانوروں کا سردار
بن سکتا ہوں۔ میں جا کر سب کو بتاؤں گا۔“



اُس نے سب جانوروں سے کہا۔ ''میری طرف دیکھو۔



میں تمام جانوروں کا سردار بننے والا ہوں۔"



جانور بولے "ہاں! واقعی تم بہت خُوب صورت ہو۔



تم تمام جانوروں کے سردار بن سکتے ہو۔"



اب نیلا گیدڑ دوسرے گیدڑوں
سے بات تک نہ کرتا۔



وہ بہت مغرور ہو گیا تھا!




ایک گیدڑ بولا "میرے پاس ایک ترکیب ہے۔



باقی جانوروں کو معلوم نہیں کہ وہ گیدڑ ہے
کیوں کہ اُس کی کھال کا رنگ نیلا ہے۔



ہم اُنہیں بتائیں گے کہ وہ بھی ایک گیدڑ ہے۔



پھر وہ اُسے بادشاہ بھی نہیں مانیں گے۔"



اُس رات سب گیدڑوں نے جنگل میں
خوب شور مچایا۔ اووء۔۔۔ اووء۔۔!!



جواب میں نیلا گیدڑ بھی چلّایا۔

اووء۔۔ اووء۔۔!!



اِس کے بعد نیلا گیدڑ کبھی واپس نہیں آیا۔

259

نیلا گیدڑ

ایک گیدڑ کو ایک آدمی ملا۔ جو نیلا رنگ کر رہا تھا۔ نیلے رنگ کو دیکھ کر گیدڑ کو ایک خیال آیا اور اس نے جب اس خیال پر عمل کیا تو پھر کیا ہوا؟ پڑھیں تو ذرا !!



ISBN 0-19-579433-8

9 780195 794335

OXFORD
UNIVERSITY PRESS
www.oup.com

PMSP Punjab

DFID Department For International Development